© rasailojaraid.com



ادارہ

# اخبارُالاحرار

## متحدہ تحریک ختم نبوت رابطہ کمیٹی کا لاہور میں علماء کنونشن:

لاہور (۲۸ر دسمبر) متحدہ تحریک ختم نبوت رابطہ کمیٹی کے زیرِ اہتمام ''تحریک ختم نبوت علماء کنونشن'' نے پاکستان کے دفاع اور سالمیت کے لیے مکمل یک جہتی کا اعلان کرتے ہوئے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ دفاع پاکستان کے حوالے سے قادیانیوں کی سرگرمیوں پر کڑی نظر رکھی جائے اور پاکستان کو اس کے نظریاتی تشخص سے محروم کرنے کی کوشش کرنے والی لابیوں کی سرگرمیوں کا نوٹس لیا جائے۔

کنونشن کے مقررین نے کہا کہ پاکستان کے اسلامی تشخص اور قوم کی فکری وحدت ہی پاکستان کے دفاع اور استحکام کی ضمانت ہے اور اس کے لیے کسی قربانی سے دریغ نہیں کیا جائے گا۔ ہمدرد کانفرنس سنٹر لاہور میں منعقد ہونے والے کنونشن کی صدارت مجلس احرار اسلام پاکستان کے مرکزی امیر سید عطاء المہیمن بخاری اور جامعہ اشرفیہ لاہور کے مولانا فضل رحیم نے کی جبکہ جمعیت علماء اسلام کے رہنماء حافظ حسین احمد، اہل سنت والجماعت کے سربراہ مولانا محمد احمد لدھیانوی، پاکستان شریعت کونسل کے سیکرٹری جنرل مولانا زاہد الراشدی، جماعت اسلامی پاکستان کے نائب امیر لیاقت بلوچ اور ڈاکٹر فرید احمد پراچہ، مرکزی جمعیت اہلحدیث کے نائب امیر پروفیسر عبدالرحمٰن لدھیانوی، جمعیت علماء اسلام (نورانی) کے قاری زوار بہادر اور مولانا شبیر احمد ہاشمی، متحدہ تحریک ختم نبوت رابطہ کمیٹی کے مرکزی کنوینز عبداللطیف خالد چیمہ، جمعیت علماء اسلام (سمیع الحق) کے مولانا مخدوم منظور احمد اور مولانا عبدالرؤف فاروقی، تحریک انصاف کے مرکزی نائب صدر اعجاز احمد چودھری، جمعیت علماء اسلام (سینئرز) پنجاب کے سیکرٹر جنرل مولانا حق نواز خالد، جسٹس (ر) میاں نذیر اختر، خاکسار تحریک کے قائد حمید الدین المشرقی، محمد متین خالد، تنظیم اسلامی کے مرزا محمد ایوب، دار العلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک کے مولانا انوار الحق، اسلامی تحریک طلباء کے غلام عباس صدیقی، ورلڈ اسلامک فورم لندن کے فیاض عادل فاروقی، مجلس احرار اسلام کے مولانا محمد مغیرہ، قاری جمیل الرحمٰن اختر اور دیگر رہنماؤں نے خطاب کیا جبکہ مولانا محبّ النبی، پیر سیف اللہ خالد، سید محمد کفیل بخاری، قاری محمد رفیق وجھوی، حافظ شمس الرحمٰن معاویہ، امیر العظیم، میاں محمد اویس، قاری محمد یوسف احرار اور کئی دیگر رہنماء سٹیج پر موجود تھے۔

حافظ حسین احمد نے خطاب کرتے ہوئے کہ مرزا غلام احمد قادیانی برطانوی سامراج کے ایماء پر جہاد کی تنسیخ کا اعلان کیا قادیانیوں کا وجود جہاد کی نفی ہے جبکہ پرویز مشرف جو پاک فوج کا سربراہ بھی تھا اور فوج کا ماٹو جہاد ہے۔ اس پرویز مشرف نے جہاد کی نفی کی اور منکرین جہاد اور منکرین ختم نبوت کو پہنچنے کے مواقع فراہم کیے۔ انھوں نے کہا کہ صدر زرداری نے کہا ہے کہ وہ اپنی رفیقہ حیات کے قاتلوں کو جانتے ہیں۔ صدر زرداری لال مسجد اور جامعہ حفصہ کی معصوم بیٹیوں، اکبر بگٹی



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



کے قاتلوں کے علاوہ فاٹا میں بے گناہ قاتلوں کو بھی یقیناً جانتے ہوں گے، انھیں چاہیے کہ ان کو بھی بے نقاب کریں۔ سید عطاء المہیمن بخاری نے اپنے خطاب میں کہا کہ عقیدہ ختم نبوت اور استحکام پاکستان لازم وملزوم ہیں۔ ۱۹۷۴ء کے پارلیمنٹ کے فیصلے کے پیچھے دس ہزار شہداء ختم نبوت کا خون بے گناہی پنہاں ہے۔ انھوں نے کہا ۱۹۵۳ء میں ہزاروں مجاہدین ختم نبوت اور احرار رضا کاروں نے خون پیش کر کے اس ملک کو مرزائی ریاست بننے سے بچا لیا۔ اب جو قوتیں دستوری فیصلوں کو ختم کرانا چاہتی ہیں وہ کان کھول کر سن لیں کہ ختم نبوت کے تحفظ کے قوانین کو ختم کرنے والے نہ خود رہیں گے اور نہ ان کی حکومتیں باقی رہیں گی۔ اس مقصد کے لیے ہم ہر وہ قربانی دیں گے جو یہ مشن ہم سے تقاضا کرتا ہے۔ مولانا فضل رحیم نے کہا کہ ختم نبوت کا کام کرنے والے کو روز محشر جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی شفاعت نصیب ہوگی اور یہ کام کرنے والے دنیا اور آخرت میں کامیاب ہوں گے۔ مولانا زاہد الراشدی نے کہا کہ ختم نبوت کے تحفظ کا مورچہ ہمیشہ سے قائم ہے اور ہمیشہ قائم رہے گا۔ عقیدہ ختم نبوت کی جنگ قادیانیوں کے خلاف بھی ہے اور پاکستان کے دفاع کی جنگ بھی ہے۔ انھوں نے کہا کوئی یہ نہ سمجھے قادیانی جو کچھ کر رہے ہیں یا جو کچھ ان سے کروایا جا رہا ہے ہم اس سے بے خبر ہیں۔ ہم قادیانیوں کے پشت پناہ حلقوں اور حکومت سے کہتے ہیں کہ وہ دین دشمنی اور قادیانیت نوازی ترک کر دے۔ اندرون خانہ اس حوالے سے جو کچھ ہو رہا ہے، ساری صورتحال پر ہماری نظر ہے۔

مولانا محمد احمد لدھیانوی نے کہا کہ ختم نبوت کا دفاع سب سے پہلے خلیفہ بلافصل سیدنا ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ نے کیا اور بارہ سو صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے اپنے مقدس خون سے اس عقیدے کی جنگ لڑی، صحابہ کا دفاع دراصل ختم نبوت کا تحفظ ہے۔ متحدہ تحریک ختم نبوت وقت کی ضرورت ہے اس مشن کو آگے بڑھانے کے لیے اہل سنت والجماعت کے ہزاروں کارکن تحریک ختم نبوت کی قیادت کے ہر حکم کے پابند ہیں۔ فتنہ انکار ختم نبوت اور فتنہ انکار صحابہ نے اسلام کو سب سے زیادہ نقصان پہنچایا۔ لیاقت بلوچ نے کہا کہ عالمی استعماری قوتوں کی کوشش یہی ہے۔ پاکستان کی اصل بنیادی حیثیت کو مشکوک بنا دیا جائے اور اس کام کے لیے حکمران عالمی استعمار کے ایجنٹ بن کر یہ کام کر رہے ہیں اور اس کا نتیجہ یہ ہوا ہے کہ عوام اور فوج کے درمیان اعتماد کا رشتہ توڑ دیا گیا ہے اور اس سارے کام میں اہم کردار قادیانی ادا کر رہے ہیں۔ انھوں نے کہا کہ جماعت اسلامی تحریک ختم نبوت کے کاز کے ساتھ ہر ممکن تعاون کرتی رہے گی۔ قاری محمد زوار بہادر نے کہا کہ ہم اپنے اکابر کے نقش قدم پر چلتے ہوئے فتنہ ارتداد مرزائیہ کے خاتمے تک اس مشن کو جاری رکھیں گے جو سیاسی قوتیں قادیانیوں کے بارے میں نرم گوشہ رکھتی ہیں۔ وہ اسلام اور ملک دشمنی کا مظاہرہ کر رہی ہیں۔ جسٹس (ر) میاں نذیر اختر نے کہا کہ متحدہ تحریک ختم نبوت نے تمام مکاتب فکر کو ایک پلیٹ فارم پر اکٹھا کر کے قوم پر احسان کیا ہے۔ انھوں نے کہا کہ قادیانی آئین سے انحراف کر رہے ہیں۔ اس لیے ان کو قانون کے مطابق کسی قسم کے حقوق نہیں ملنے چاہئیں۔ انھوں نے کہا کہ پرویز مشرف کے دور میں قادیانیوں کو اہم اداروں پر مسلط کیا گیا اور کلیدی عہدے قادیانیوں کے سپرد کئے گئے جس کی وجہ سے ملک بحران کا شکار رہا۔ پروفیسر عبدالرحمٰن لدھیانوی نے کہ پاکستان بننے کے بعد ہمارا مطالبہ یہ تھا کہ قادیانیوں



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



کو اقلیت قرار دیا جائے لیکن اس کے بعد اس پر عمل درآمد کی صورتحال نہایت کمزور ہے۔ آج ضرورت اس بات کی ہے کہ تمام مکاتب فکر ایک اکائی بن کر ناموس رسالت صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے اپنا موثر کردار ادا کریں۔ اعجاز احمد چودھری نے کہا کہ قادیانی فتنہ بیرونی طاقتوں کے بل بوتے پر پاکستان کو کمزور کرنے پر لگا ہوا ہے۔ قادیانی فتنے کو پرویز مشرف نے تقویت دی موجودہ حکومت ان کی سرپرستی کر رہی ہے انھوں نے کہا کہ تحریک انصاف قادیانی ریشہ دوانیوں کے حوالے سے تحریک ختم نبوت کے ساتھ ہے یہ ہمارا عقیدہ بھی ہے اور ہماری پالیسی بھی۔ انھوں نے کہا کہ ملک کی سلامتی کے لیے قادیانی فتنے سے نجات ضروری ہے۔ عبداللطیف خالد چیمہ نے کہا کہ عقیدہ ختم نبوت مسلمانوں کے لیے شہ رگ کی حیثیت رکھتا ہے۔ چند ہفتے پہلے مبینہ طور پر وفاقی مشیر داخلہ اور وفاقی وزیر اطلاعات نے صدر زرداری کو مشورہ دیا کہ تحفظ ختم نبوت کے حوالے سے قوانین کو ختم کرنے کے لیے پارلیمنٹ میں قرارداد لانی چاہیے جبکہ مسٹر زرداری نے اس سے اتفاق نہیں کیا۔ انھوں نے کہ ایم کیو ایم اور بعض مقتدر سیاسی حلقے قادیانیوں کے حوالے سے آئینی اور عدالتی فیصلوں کو سبوتاژ کرنے کے لیے خطرناک حد تک سازشوں میں مصروف ہیں۔ انھوں نے کہا کہ ماساعد حالات کے باوجود عقیدہ ختم نبوت سے غداری کرنے والے حکمرانوں اور سیاست دانوں کو قوم ہرگز معاف نہیں کرے گی۔ ڈاکٹر فرید احمد پراچہ نے کہا کہ اسرائیل میں قادیانی مشن یہودیوں کی سرپرستی میں کام کر رہا ہے اور چھ سو قادیانی اسرائیلی فوج میں خدمات سرانجام سے رہے ہیں۔ انھوں نے کہ قادیانی کوئی مذہبی جماعت نہیں بلکہ ایک سیاسی گروہ ہے جو بین الاقوامی سطح پر اسلام اور پاکستان کے دشمنوں کا آلہ کار بن کر مکروہ کردار ادا کر رہا ہے۔ محمد متین خالد نے کہا کہ ۷ ستمبر ۱۹۷۴ء کے پارلیمنٹ کے فیصلے اور ۱۹۸۴ء کے آرڈیننس پر عمل درآمد نہیں ہو رہا قادیانی ملک میں ارتداد پھیلا رہے ہیں اور قانون نافذ کرنے والے ادارے قادیانیوں کی سرگرمیوں کا سد باب نہ کر کے آئین اور اعلیٰ عدالتی فیصلوں سے انحراف کر رہے ہیں۔ اس صورتحال سے ملک گیر سطح پر اشتعال بڑھ رہا ہے۔ مولانا عبدالرؤف فاروقی نے کہا کہ قادیانی جماعت دہشت گردی پھیلا رہی ہے۔ خدام الاحمدیہ اور قادیانی جماعت اور اس کی ذیلی تنظیموں پر پابندی لگائی جائے۔ روزنامہ الفضل سمیت تمام قادیانی اخبارات وجرائد کے ڈکلریشن منسوخ کیے جائیں۔

## تحریک ختم نبوت علماء کنونشن میں منظور کی جانے والی قراردیں

☆ ''متحدہ تحریک ختم نبوت رابطہ کمیٹی'' کے زیر اہتمام کل جماعتی تحریک ختم نبوت علماء کنونشن منعقدہ ۲۸ دسمبر ۲۰۰۸ء ہمدرد ہال لاہور، وطن عزیز اسلامی جمہوریہ پاکستان کو درپیش موجودہ سنگین بحران پر شدید اضطراب اور بے چینی کا اظہار کرتا ہے، جس نے اسلامی جمہوریہ پاکستان کے اسلامی تشخص، قومی وحدت، ملکی سالمیت اور بین الاقوامی سرحدات کے تقدس کو شدید خطرات سے دوچار کر دیا ہے اور وطن عزیز کا ہر شہری اور دنیا بھر میں پاکستان کا ہر ہمدرد اور بہی خواہ پریشانی کا شکار ہے۔

☆ ''علماء کنونشن'' اس موقع پر حکمران طبقہ، ملک کے دینی وسیاسی طبقوں اور ملک بھر کے عوام کو توجہ دلانا ضروری سمجھتا



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ہے کہ موجودہ حالات میں ہم سب کی ذمہ داری ہے کہ ہم اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع کرتے ہوئے اجتماعی طور پر توبہ و استغفار کا اہتمام کریں، اللہ تعالیٰ اور ان کے آخری رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی ناراضی کا باعث بننے والی سرگرمیوں کو ترک کرتے ہوئے قرآن پاک اور سنت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کے مطابق اپنی انفرادی اور اجتماعی زندگی کو ڈھالنے کا عہد کریں اور قیام پاکستان کی نظریاتی اساس کے ساتھ اپنی وابستگی اور کمٹمنٹ کا ازسرنو اعلان کریں۔

☆ ملک کے دفاع، قومی وحدت کے تحفظ اور ملکی سالمیت کے بچاؤ کے لیے پوری قوم مکمل اتحاد اور یکجہتی کا مظاہرہ کرے اور تمام دینی اور سیاسی حلقے بھارتی دھمکیوں اور پاکستان کی سالمیت اور سرحدات کے تقدس کے خلاف ہونے والی بین الاقوامی کارروائیوں کے مقابلے میں متحد ہو جائیں۔

☆ وطن عزیز کی سالمیت، وحدت اور اس کے اسلامی تشخص کے خلاف کام کرنے والے حلقوں اور لابیوں کی سرگرمیوں پر کڑی نظر رکھی جائے بالخصوص قادیانیوں کی اسلام اور پاکستان کے خلاف سازشوں اور عالمی سطح پر ان کی سرگرمیوں کا سختی کے ساتھ نوٹس لیا جائے۔ "علماء کنونشن" اس یقین کا اظہار کرتا ہے کہ قادیانی گروہ نہ صرف تحفظ ختم نبوت کے بارے میں پاکستان کے دستوری اور قانونی اقدامات کو سبوتاژ کرنے کے لیے مسلسل سرگرم عمل ہے بلکہ حسب سابق پاکستان کی سالمیت اور خودمختاری کے خلاف بین الاقوامی سازشوں کا حصہ ہے اور اس کے لیے کام کر رہا ہے۔

☆ یہ اجتماع حکومت پاکستان سے مطالبہ کرتا ہے کہ عقیدہ ختم نبوت کے تحفظ کے لیے ملک کی منتخب پارلیمنٹ کے دستوری اقدامات اور عدالت عظمیٰ کے قانونی فیصلوں پر موثر عمل درآمد کا اہتمام کیا جائے اور بعض اخباری رپورٹوں کے ذریعے منظر عام پر آنے والی ان خبروں کے تناظر میں حکومت پاکستان اپنی پوزیشن کی وضاحت کرے کہ حکومت کی طرف سے عقیدہ ختم نبوت کے تحفظ کے دستوری اور قانونی اقدامات کو غیر موثر بنانے کے لیے قانون سازی اور ترامیم کا کوئی نیا مسودہ پارلیمنٹ میں لانے کی تیاری تو نہیں کی جا رہی، یہ اجتماع اس حوالے سے یہ اعلان کرنا ضروری سمجھتا ہے کہ ایسی کوئی بھی کوشش نہ صرف ۱۹۷۴ء کے پارلیمنٹ کے متفقہ فیصلے اور جناب ذوالفقار علی بھٹو کے تاریخی فیصلے سے انحراف ہوگی بلکہ پاکستان کے غیرت مند مسلمانوں کے لیے قطعی طور پر ناقابل برداشت ہوگی اور ایسی کسی بھی مذموم کوشش کو شدید عوامی مزاحمت کا سامنا کرنا ہوگا۔ یہ اجتماع حکومت سے مطالبہ کرتا ہے کہ قبائلی علاقوں اور سوات میں فوجی آپریشن فوری طور پر بند کیا جائے اور اس خطہ کے عوام کے مطالبہ اور ان کے ساتھ کئے جانے والے مسلسل وعدوں کے مطابق نہ صرف ان علاقوں میں شریعت اسلامیہ کا نفاذ کیا جائے بلکہ پورے ملک میں دستور کے وعدہ کی تکمیل کرتے ہوئے اسلامی نظام کا مکمل اور عملی نفاذ عمل میں لایا جائے۔

☆ یہ اجتماع ملک میں بجلی کی مسلسل لوڈ شیڈنگ پر شدید احتجاج کرتا اور حکومت سے مطالبہ کرتا ہے کہ عوام کو جلد از جلد لوڈ شیڈنگ کے اس عذاب سے نجات دلائی جائے۔

☆ یہ اجتماع مہنگائی میں مسلسل اضافہ پر شدید اضطراب کا اظہار کرتا ہے جس کے نتیجے میں عام آدمی کی زندگی اجیرن



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ہوکر رہ گئی ہے اور غریب خاندانوں میں خودکشیوں کا رجحان بڑھتا جا رہا ہے، ملک کے عوام کو ان کی قوت خرید کے اندر ضروریات زندگی فراہم کرنا حکومت کی ذمہ داری ہے اور حکومت کو اس کے لیے ہنگامی بنیادوں پر ضروری اقدامات کرتے ہوئے عوام کو مہنگائی کے عذاب سے نجات دلائے۔

☆ یہ اجتماع دہشت گردی کے حوالے سے پارلیمنٹ کی متفقہ قرارداد کا خیرمقدم کرتے ہوئے اسے پوری قوم کی آواز قرار دیتا ہے اور حکومت سے اس پر فوری اور مکمل عمل درآمد کا مطالبہ کرتا ہے۔

☆ کنونشن میں متفقہ طور پر مطالبہ کیا گیا کہ اسلامی نظریاتی کونسل کی سفارش کی روشنی میں مرتد کی شرعی سزا نافذ کی جائے، چناب نگر سمیت پورے ملک میں امتناع قادیانیت ایکٹ پر موثر عمل درآمد کرایا جائے، چناب نگر کے مکینوں کو مالکانہ حقوق دیئے جائیں، سول اور فوج کے کلیدی عہدوں سے قادیانیوں کو ہٹایا جائے، لال مسجد اور جامعہ حفصہ رضی اللہ عنہا میں معصوم بچیوں کے قاتلوں پر مقدمہ چلایا جائے قادیانی جماعت کو خلاف قانون قرار دیا جائے اور قادیانی جماعت کے اخبارات ورسائل اور اشتعال انگیز لٹریچر کو ضبط کیا جائے۔

## سیدنا عمرؓ کے اسلام لاتے ہی کفار کی صفوں میں ایک بہت بڑا خلا پیدا ہوگیا: تحریک طلباء اسلام ملتان

ملتان (۳۰ر دسمبر) خلیفۂ ثانی سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی سیرت ہمارے لیے مشعل راہ ہے۔ آج مسلمان دنیا میں اسی لیے زوال پذیر ہیں کہ انھوں نے اپنے اکابر صحابہ کی سیرت و کردار کو بھلا دیا ہے، اور یہود ونصاریٰ نے ہمارے اکابر صحابۂ کرام کی زندگیوں سے استفادہ کیا ہے۔ ان خیالات کا اظہار تحریک طلباء اسلام ملتان کے زیر اہتمام دار بنی ہاشم میں ہونے والے سیمینار سے مقررین نے کیا۔ تحریک کے امیر، علی مردان قریشی نے کہا کہ سیدنا عمر رضی اللہ عنہ نے اپنی قائدانہ صلاحیتوں اور مدبرانہ سیاست کے بل بوتے پر پورے عالم میں فتوحات حاصل کیں اور آدھی سے زیادہ دنیا پر اسلامی خلافت کا جھنڈا گاڑ دیا۔ انھوں نے کہا کہ یورپ کی یونیورسٹیز میں ہمارے مسلمان خلفاء کی تاریخ پر ریسرچ کی جا رہی ہے اور وہ لوگ ان کو فالو کر رہے ہیں۔ انھوں نے کہا کہ ہمارے حکمرانوں کو بھی چاہیے کہ وہ امریکہ کی غلامی سے نکل کر جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اور اصحاب نبی رضوان اللہ علیہم کی غلامی میں آجائیں اور ان کی سیرت و کردار کو اپنائیں۔ سید عطاء المنان بخاری نے کہا کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ وہ عظیم المرتبت صحابی ہیں کہ جنھیں نبی کریم علیہ السلام نے خود خدا سے مانگ کر لیا اور بالخصوص اسلام کی سربلندی اور عزت کے لیے ان کے حق میں دعا کی۔ انھوں نے کہا کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے اسلام لاتے ہی کفار کی صفوں میں ایک بہت بڑا خلا پیدا ہوگیا اور مسلمان کافی حد تک مضبوط ہوگئے۔ سیمینار سے محمد اسماعیل، محمد عبداللہ، محمد زبیر، عتیق الرحمٰن، محمد فرحان الحق و دیگر نے خطاب کیا۔

☆☆☆

لاہور (۳۱ر دسمبر) تحریک طلباء اسلام لاہور کے زیر اہتمام یکم محرم الحرام کو سیدنا فاروقِ اعظم رضی اللہ عنہ کی یاد میں ایک تقریب محمد سلیمان کی صدارت میں منعقد ہوئی۔ جس میں انھوں نے سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی سیرت پر روشنی



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ڈالتے ہوئے کہا کہ دین اسلام کے پھیلانے میں سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ کا کردار مثالی ہے۔سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے اسلام کے لیے اپنی جان کو بھی قربان کر دیا۔تقریب سے محمد صدیق، محمد اکرام، محمد عبداللہ نے بھی خطاب کیا۔

☆☆☆

چیچہ وطنی (۲ رجنوری) مجلسِ احرارِ اسلام کے زیرِ اہتمام مرکزی مسجد عثمانیہ ہاؤسنگ سکیم چیچہ وطنی میں منعقدہ سالانہ مجلسِ ذکرِ حسین (رضی اللہ عنہ) سے خطاب کرتے ہوئے مجلسِ احرارِ اسلام پاکستان کے مرکزی ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات حافظ محمد عابد مسعود نے کہا ہے کہ واقعہ کربلا کی اصل حقیقت کو سمجھنے کے لیے یہودیت ونصرانیت اور مجوسیت کے ساتھ ساتھ فتنۂ سبائیت کو سمجھنا ضروری ہے انہی فتنوں نے اسلام کو سب سے زیادہ نقصان پہنچایا۔انھوں نے کہا کہ جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشادِ گرامی کی روشنی میں تمام کے تمام صحابہ کرام (رضی اللہ عنہم) ہدایت یافتہ اور ستاروں کی مانند ہیں انھوں نے کہا کہ امت انفرادی یا اجتماعی طور پر جس صحابی کی بھی سچی پیروی کرے گی وہ جنت میں لے جائے گی۔انھوں نے کہا کہ اہلِ بیت اور صحابہ کرام کو الگ الگ کر کے بتانے والے امت میں انتشار وافراق پیدا کر رہے ہیں۔انھوں نے کہا کہ تاریخ اسلام میں سب سے پہلے سیدنا حضرت عمر ابنِ خطاب (رضی اللہ عنہ) دہشت گردی کا شکار ہوئے پھر سیدنا حضرت عثمانِ غنی رضی اللہ عنہ۔انھوں نے کہا کہ سیدنا حضرت علی (رضی اللہ عنہ) اور سیدنا حضرت حسین (رضی اللہ عنہ) کے قاتلین کا حسب ونسب بھی اولین صحابہ کرام کے قاتلوں سے ہی ملتا ہے۔انھوں نے کہا کہ پیشہ ور واعظین نے واقعہ کربلا کو سراسر غلط اور خلافِ واقعہ رنگ دے کر شعوری یا لاشعوری طور پر فتنۂ سبائیت کو تقویت پہنچائی۔ضرورت اس امر کی ہے کہ ہم تاریخ کو ایک آنکھ سے دیکھنے کی بجائے حقیقتوں سے آشنا ہونے کے لیے تلخ حقیقتوں کے مطالعے کے بھی عادی بن جائیں۔

## ڈاکٹر عبدالسلام قادیانی......ایٹمی راز امریکہ کو پہنچانے والا غدار

لاہور (۶ رجنوری) متحدہ تحریک ختمِ نبوت رابطہ کمیٹی کے کنوینر اور مجلس احرارِ اسلام پاکستان کے مرکزی سیکرٹری جنرل عبداللطیف خالد چیمہ نے کہا ہے کہ آنجہانی ڈاکٹر عبدالسلام کو بطور مسلمان سائنسدان متعارف کروانا، لکھنا یا شائع کرنا قرآن وسنت سے انحراف، عقیدۂ ختمِ نبوت سے غداری اور آئینِ پاکستان کے منافی ہے۔ایک بیان میں انھوں نے وضاحت کی ہے کہ پیپلز پارٹی کے ترجمان فرحت اللہ بابر نے ایک انگریزی اخبار میں ڈاکٹر عبدالسلام کی تعریف میں زمین و آسمان کے قلابے ملا دیئے ہیں، جبکہ ایک قومی اخبار کے ایک ذمہ دار طاہر نجمی (کراچی) نے اپنے اخبار کے دس سال مکمل ہونے پر ڈاکٹر عبدالسلام کو ''مسلمان'' سائنسدان کے طور پر متعارف کرایا ہے جس پر اسلامیانِ پاکستان کے جذبات مجروح ہوئے ہیں۔خالد چیمہ نے کہا ہے کہ ڈاکٹر عبدالسلام ایک سکہ بند اور متعصب قادیانی تھے جن کو یہود ہنود کے ایماء پر نوبل انعام دلوایا گیا اور پھر یہودی پریس کے ذریعے پوری دنیا میں تشہیر کی گئی خود ڈاکٹر عبدالسلام نے اس نوبل انعام کو اپنے ''نبی'' مرزا غلام احمد قادیانی کا معجزہ قرار دیا اور کہا کہ ''میں سب سے پہلے مرزا غلام احمد قادیانی کا غلام ہوں اور پھر قادیانی۔'' خالد چیمہ نے کہا کہ محسن پاکستان ڈاکٹر عبدالقدیر خان نے بھی کہا تھا کہ ''دراصل قادیانیوں کا اسرائیل میں باقاعدہ مشن ہے جو ایک



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



عرصہ سے کام کر رہا ہے۔ یہودی چاہتے تھے کہ آئن سٹائن کی برسی پر اپنے ہم خیال لوگوں کو خوش کر دیا جائے سو ڈاکٹر عبدالسلام کو بھی انعام سے نوازا گیا''۔عبداللطیف خالد چیمہ نے کہا کہ پاکستان کے ایٹمی راز بھی قادیانیوں نے ہی امریکہ کو فراہم کیے تھے اور کہوٹہ کے ایٹمی پلانٹ کا ماڈل بھی ڈاکٹر عبدالسلام نے امریکہ کو دیا تھا جس کا تذکرہ سابق بیوروکریٹ اور ممتاز صحافی زاہد ملک نے اپنی کتاب ''ڈاکٹر عبدالقدیر خاں اور اسلامی بم'' میں صدر ضیاء الحق مرحوم کے دور کے وزیرِ خارجہ صاحبزادہ یعقوب علی خان کے حوالے سے کیا ہے۔خالد چیمہ نے کہا کہ پرنٹ اور الیکٹرونک میڈیا میں بیٹھے ہوئے لادین عناصر اور قادیانی نواز لابیاں اسلام کے مسلمہ عقائد اور آئین پاکستان میں طے شدہ مسائل کو چھیڑ کر ان کو متنازعہ بنانے پر لگے ہوئے ہیں چنانچہ ذرائع ابلاغ کو چاہیے کہ وہ قادیانی سازشوں کا ادراک کریں اور اسلام کے مسلمات، پاکستان اور آئینِ پاکستان کے خلاف ہونے والی شرانگیز مہم کا حصہ بننے کی بجائے اِس کی حوصلہ شکنی کریں۔

## سیدنا حسینؓ امن کے داعی اور اسلامی حکومت کے استحکام کے علمبردار تھے

## سانحۂ کربلا یہودانِ خیبر اور منافقینِ عجم کی دہشت گردی کا نتیجہ تھا

**(دارِ بنی ہاشم ملتان میں ۳۵ویں سالانہ ''مجلس ذکر حسین'' سے مقررین کا خطاب)**

**ملتان (۸؍جنوری)** مجلس احرار اسلام کے امیر سید عطاء المہیمن بخاری نے کہا ہے کہ سیدنا حسینؓ امن کے داعی اور اسلامی حکومت کے استحکام کے علمبردار تھے۔ وہ یہود و نصاریٰ کی اسلام دشمن سازش کا شکار ہوئے۔انھوں نے شہادت قبول کر لی مگر اُمت کو غیرت و حمیت کا لاثانی درس دے گئے۔سیدنا حسینؓ کا اجتہاد حق تھا۔انھوں نے اقتدار پر قبضہ کرنے کی کوئی بھی کوشش نہیں کی بلکہ وہ حکومت کی اصلاح کر کے مثالی اسلامی ریاست بنانا چاہتے تھے۔

ان خیالات کا اظہار انھوں نے مجلس محبانِ اہل بیت و آل و اصحاب رسول کے زیرِ اہتمام دارِ بنی ہاشم ملتان میں منعقدہ ۳۵ویں سالانہ ''مجلس ذکر حسین'' سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔انھوں نے کہا کہ سیدنا حسین رضی اللہ عنہ ہمارے ایمان کا حصہ ہیں اور یزید تاریخ کا۔ ہمارا مسلک امت کے اجماعی مؤقف اور امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کے قول کے مطابق ہے۔ سیدنا حسین رضی اللہ عنہ ہر اعتبار سے حق پر تھے اور امتِ مسلمہ حق کے ساتھ ہے۔سید محمد کفیل بخاری نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ تاریخ اسلام میں سب سے پہلی دہشت گردی نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے خلاف یہود و نصاریٰ نے کی۔ سانحۂ کربلا بھی یہودانِ خیبر اور منافقینِ عجم کی دہشت گردی کا نتیجہ تھا۔انھوں نے کہا کہ آج بھی یہود و نصاریٰ اسی دہشت گردی کو جاری رکھتے ہوئے مسلمانوں کو ظلم و ستم کا نشانہ بنا رہے ہیں۔انھوں نے کہا کہ امامت و نبوت حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی ذاتِ اقدس پر مکمل ہو چکی ہے۔اب کسی نئے امام اور نبی کا تصور انکارِ ختم نبوت کے مترادف ہے۔ یہود و نصاریٰ اور مجوسی براہِ راست حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی بجائے عقیدۂ ختم نبوت پر حملہ آور ہوئے اور امتِ مسلمہ کے عقائد تباہ کرنے کے ساتھ ساتھ اسے انتشار و افتراق میں مبتلا کیا۔شہادتِ سیدنا حسین سے اس سازش کو سمجھنے کا درس ملتا ہے۔



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



چیچہ وطنی (۱۰ر جنوری) مجلس احرارِ اسلام پاکستان کے سیکرٹری جنرل عبداللطیف خالد چیمہ نے مطالبہ کیا ہے کہ سلامتی کونسل کا اہم اور حساس منصب کسی قادیانی کے ہرگز سپُرد نہ کیا جائے ایک بیان میں انھوں نے کہا ہے کہ اگر کسی قادیانی کو سلامتی کونسل کا مشیر بنایا گیا تو یہ ملکی سلامتی کے حوالے سے بھی خطرناک ہوگا اور اس پر کئی سوالات جنم لیں گے اور قوم میں تشویش بڑھے گی۔ انھوں نے کہا کہ اس اہم عہدے پر کسی صحیح العقیدہ اور محبِّ وطن شخصیت کو لایا جائے اور ایسے اقدامات کیے جائیں جن سے بیرونی مداخلت کا دروازہ بند ہو انھوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی اور خصوصاً صدر زرداری کو یاد رکھنا چاہیے کہ بھٹو مرحوم نے شعوری طور پر لاہوری و قادیانی مرزائیوں کو اسمبلی کے فلور پر غیر مسلم اقلیت قرار دلوایا تھا اور بھٹو مرحوم نے اڈیالہ جیل میں اپنے آخری ایام اسیری کے دوران ڈیوٹی افیسر کرنل رفیع الدین سے کہا تھا کہ '' قادیانی پاکستان میں وہ حیثیت حاصل کرنا چاہتے ہیں جو یہودیوں کو امریکہ میں حاصل ہے'' اب حکمران رجیم کا فرض بنتا ہے کہ وہ چیک رکھے کہ کہیں ایسا تو نہیں ہو رہا؟ خالد چیمہ نے کہا کہ ملک کی سیاسی قیادت کا بھی فرض بنتا ہے کہ وہ موجودہ بحران کے حوالے سے قادیانی سازشوں پر گہری نظر رکھے۔

## رچرڈ باؤچر اور جوزف بائیڈن کو قومی اعزازات سے نوازنے والے پاکستانی حکمران فلسطینیوں کی تاریخ سے سبق حاصل کریں

## فلسطینی آج بھی کسی صلاح الدین ایوبی کے منتظر ہیں (تحریک طلباء اسلام ملتان)

ملتان (۱۱ر جنوری) تحریک طلباء اسلام ملتان کے امیر علی مردان قریشی، سیکرٹری جنرل اخلاق احمد، سیکرٹری نشریات سید عطاء المنان بخاری، طیب علی تگہ، محمد نعمان سنجرانی، محمد الیاس، فرحان الحق حقانی، سرمد صالح ہاشمی اور محمد سراقہ نے فلسطین پر اسرائیلی جارحیت کی بھرپور مذمت کرتے ہوئے ایک ہنگامی اجلاس میں کہا ہے کہ اسرائیل کی فلسطین پر وحشیانہ بمباری اور اس پر امریکہ و برطانیہ کی خاموش مجرمانہ اعانت امت مسلمہ کے لیے ایک واضح انتباہی پیغام ہے۔ رچرڈ باؤچر اور جوزف بائیڈن کو قومی اعزازات سے نوازنے والے پاکستانی حکمران فلسطینیوں کی تاریخ سے سبق حاصل کریں۔ فلسطینی آج بھی کسی صلاح الدین ایوبی کے منتظر ہیں جب کہ مسلم حکمرانوں کی مجرمانہ خاموشی اس بات کا بین ثبوت ہے کہ انھوں نے اپنے وسائل کو صرف امریکی جنگ لڑنے کے لیے وقف کر رکھا ہے۔ نام نہاد انسانی حقوق کے علمبردار اور جانوروں کی ہلاکت پر بلبلانے والے مغرب کو فلسطین میں معصوم بچوں، عورتوں اور بزرگ شہریوں کی سر بریدہ لاشیں کیوں نظر نہیں آتیں اور ممبئی حملوں پر شور مچانے والی دنیا اپنی روایتی بے حسی و بے غیرتی کا لبادہ اوڑھے یہود نواز مصلحت کا شکار ہے۔ انھوں نے کہا کہ ''عرب لیگ'' ''او آئی سی'' اور مسلم ممالک اپنے وجود کا احساس دلاتے ہوئے اسلامی دنیا میں صہیونی سفاکیت اور دہشت گردی کے خلاف مؤثر اور منظّم احتجاج کی رہنمائی کریں۔

## اسرائیل کو دہشت گرد ملک قرار دیا جائے۔ مجلس احرار اسلام ملتان

ملتان (۱۲ر جنوری) مجلس احرار اسلام ملتان کے امیر صوفی نذیر احمد، ناظم محمد ثقلین، ناظم نشریات شیخ حسین اختر لدھیانوی نے مشترکہ بیان میں نہتے فلسطینیوں پر اسرائیلی مظالم سفید فاسفورس بمباری کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



کہ اسرائیلی اقدامات نے ثابت کر دیا ہے کہ سکیورٹی کونسل نہیں مانتا۔ اسرائیل کے نہتے فلسطینیوں پر سفید فاسفورس بم برسا کر ثابت کر دیا ہے کہ وہ دنیا کا سب سے بڑا دہشت گرد ہے۔ امریکہ اس کا پشتیبان ہے۔ امریکہ جمہوریت کا پرچم لہرانے والا اور انسانی حقوق کی پاسداری و پاسبانی کرنے والا ان سارے انسانیت سوز مظالم سے آنکھیں بند کیے کھلم کھلا اسرائیل کی حمایت کر رہا ہے۔ انھوں نے کہا کہ حکومت قبائلی علاقوں سے فوج فوراً بلائے۔ عالمی برادری اور اقوام متحدہ نے اسرائیلی مظالم اور جارحیت کا نوٹس نہ لیا تو پوری دنیا کا امن تہہ و بالا ہو جائے گا۔ اسرائیل کو دہشت گرد ملک قرار دیا جائے۔

## واقعہ کربلا یہودی اور سبائی سازش کا نتیجہ تھا (محمد عبدالرحمٰن جامی نقشبندی)

جلال پور پیروالا (۱۳ر جنوری، رپورٹ: محمد طلحہ، محمد طٰہٰ معاویہ) مجلس احرار اسلام جلال پور پیروالا کے ناظم اطلاعات محمد عبدالرحمٰن جامی نقشبندی نے کہا ہے کہ صحابہ کرام نبوت کے گواہ ہیں اور رحمت دوعالم صلی اللہ علیہ وسلم صحابہ کرامؓ کے ایمان پر شاہد و عادل ہیں۔ صحابہ کرام آپس میں رحم دل اور کفر و شرک کے مقابلے میں اللہ تعالیٰ کی برہان تھے۔ بنو ہاشم اور بنوامیہ دونوں عرب کے بہادر اور جانباز قبیلے تھے۔ اللہ تعالیٰ نے دونوں سے اسلام کی ترقی و استحکام کا کام لیا۔ وہ معرکۂ بدر و اُحد ہو، غزوۂ حنین و تبوک ہو، احزاب و خندق کا جہاد ہو کہ فتح قسطنطنیہ کا اعلان ہو، ہر مقام پر بنو ہاشم و بنوامیہ کے جانباز سپاہی اصحابِ رسول رحمت دوعالم صلی اللہ علیہ وسلم کے قدموں پر جاں نثار کر رہے ہیں۔ انھوں نے کہا کہ خیبر کی شکست اور جزائر عرب سے یہودیوں کا انخلاء ایسا کاری زخم ہے جس کا انتقام یہودیوں نے آلِ رسول سے لیا اور بنوامیہ کو آپس میں لڑا کر میدانِ کربلا میں نواسۂ رسول، جگر گوشۂ بتول کو شہید کر دیا۔ یہودی چودہ سو برس سے مسلمانوں سے اپنی شکستوں کا بدلہ لے رہے ہیں۔ انھوں نے کہا کہ سیدنا حسین رضی اللہ عنہ بلاشبہ شہید حق و غیرت ہیں۔ سیدنا حسین صحابئ رسول اور سبطِ رسول ہیں۔ ان کی فضیلت مسلمہ ہے۔ وہ اسی طرح مجتہد تھے، جس طرح ہر صحابی مجتہد مطلق ہوتا ہے اور مجتہد اپنے اجتہاد پر عمل کرنے کا پابند ہوتا ہے۔ آپ نے جو تین شرطیں میدانِ کربلا میں پیش کیں وہ حادثۂ کربلا کے پس منظر میں چھپی ہوئی گہری سازش تک پہنچنے کے لیے کافی ہیں۔ یہی تین شرائط اصل دشمن کی نشاندہی کرتی ہیں۔ ہمارے لیے اسوۂ حسینی پر عمل اس طرح واجب ہے جس طرح تمام دوسرے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے سنہری اور تابناک کردار کو اپنانا ضروری ہے۔ انھوں نے کہا کہ رحمتِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد امت کے لیے قولِ فیصل ہے کہ میرے صحابہ معیارِ حق ہیں۔ صحابہ کرام گلشنِ رسالت صلی اللہ علیہ وسلم کے مہکتے ہوئے پھول ہیں اور محسنِ انسانیت صلی اللہ علیہ وسلم کے تابندہ ستارے ہیں۔

☆☆☆

لاہور (۱۴ر جنوری) تحریک طلباء اسلام لاہور کے زیر اہتمام آج بعد نماز عصر کرم آباد سٹاپ پر اسرائیل کی معصوم بچوں پر وحشیانہ بمباری کے خلاف تحریک طلباء اسلام کے سیکرٹری جنرل محمد سلیمان کی قیادت میں مظاہرہ ہوا جس میں شرکاء نے مختلف بینرز اٹھائے ہوئے تھے۔ جن پر درج ذیل نعرے درج تھے۔ ☆اسرائیل مردہ باد ☆دنیا کے منصفو! فلسطین کے قتل پر خاموش کیوں ☆امریکہ اور اسرائیل کا ایک علاج الجہاد الجہاد۔ محمد سلیمان نے کہا کہ پوری امتِ مسلمہ کو جہاد کے لیے کھڑا ہو جانا چاہیے



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



کیوں کہ اس وقت تمام کفریہ طاقتیں اسلام کو مٹانے کے درپے ہیں۔ محمد عبداللہ، محمد نعیم، محمد طارق نے بھی خطاب کیا۔

☆☆☆

چیچہ وطنی (۱۶؍جنوری) فلسطینیوں پر اسرائیلی مظالم، پاکستانی حکومت کی امریکہ نواز پالیسیوں اور صدر آصف علی زرداری کی طرف سے امریکی نائب وزیر خارجہ رچرڈ باؤچر کو "ہلال قائداعظم" دینے کے خلاف تحریکِ طلباء اسلام کے کارکنوں نے سید میر رمیز احمد، حافظ محمد معاویہ راشد، ملک محمد آصف، محمد قاسم چیمہ، محمد عمیر چیمہ اور دیگر کی قیادت میں چیچہ وطنی پریس کلب کے باہر زبردست احتجاجی مظاہرہ کیا۔ مظاہرین نے بڑے بڑے بینرز اور پلے کارڈز اُٹھا رکھے تھے جن پر اسرائیلی درندگی، فلسطینیوں کے سفاکانہ قتلِ عام، یہودیت، نصرانیت، مجوسیت اور قادیانیت کے خلاف نعرے درج تھے۔ شرکاء مظاہرہ یہودیوں کا ایک علاج، الجہاد الجہاد، فلسطینیوں سے رشتہ کیا- لا الہٰ الا اللہ قادیانی اسرائیلی گٹھ جوڑ مردہ باد، حکومت قادیانیت نوازی بند کرے، سول اور فوج کے کلیدی عہدوں سے قادیانیوں کو ہٹایا جائے، مرتد کی شرعی سزا نافذ کی جائے، کسی قادیانی کو مشیرِ قومی سلامتی نہ بنایا جائے جیسے فلک شگاف نعرے لگا رہے تھے مظاہرین سے خطاب کرتے ہوئے مجلسِ احرارِ اسلام کے مرکزی ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات حافظ محمد عابد مسعود اور قاضی عبدالقدیر نے کیا کہ فلسطین پر حملہ کرنے والے دنیا کے سب سے بڑے دہشت گرد اور انسانیت کے ازلی دشمن ہیں اور امریکہ کے اشاروں پر دنیا کے امن کو تباہ کر رہے ہیں۔ امریکہ، اسرائیل اور انڈیا دنیا میں دہشت گردی کا موجب ہیں مسلم حکمرانوں کو چاہیے کہ وہ اپنے حقیقی دشمن کو پہچان کر اپنی پالیسیاں مرتب کریں مقررین نے کہا کہ پاکستان کو ایٹمی قوت بنانے والے محسنِ پاکستان ڈاکٹر عبدالقدیر خان کو نظر بند رکھنا، چیف جسٹس آف پاکستان افتخار محمد چوہدری کو بحال نہ کرنا اور پاکستانیوں کو امریکی ڈالروں کے عوض فروخت کرنا قومی سلامتی اور خودمختاری کی نفی ہے۔ شرکاءِ نے مطالبہ کیا کہ ڈاکٹر عافیہ صدیقی سمیت تمام لاپتہ افراد کو بازیاب کروایا جائے۔ تحریکِ طلباءِ اسلام کے رہنماؤں نے یہ مطالبہ بھی کیا ہے کہ فلسطین پر اسرائیلی مظالم بند کروانے کے لیے اقوامِ عالم اپنا کردار ادا کریں۔ مقررین نے اقوامِ متحدہ اور اس کے ماتحت اداروں کو امریکی غلام قرار دیتے ہوئے اُن پر شدید نکتہ چینی کی۔

☆☆☆

چیچہ وطنی (۱۷؍جنوری) فلسطینیوں پر ڈھائے جانے والے انسانیت سوز مظالم اور پاکستانی حکمرانوں کی امریکہ نواز پالیسیوں کے خلاف تحریک طلباء اسلام چیچہ وطنی کے زیرِ اہتمام زبردست احتجاجی مظاہرہ کیا گیا مظاہرے میں دیگر طلباء تنظیموں اور متعدد تعلیمی اداروں اور مدارس کے طلباء نے بہت بڑی تعداد میں شرکت کی، احتجاجی مظاہرے کی قیادت ملک محمد آصف مجید، سید میر رمیز احمد، محمد عمران غنی، محمد قاسم چیمہ، محمد عمیر چیمہ، محمد عمیر قمر، محمد عمر فاروق، مرزا محمد سفیان بیگ، اسلامی جمعیت طلباء کے تحصیل صدر اظہر سلطان سید ضیاء الحق صدیقی، شاہد حمید اور دیگر کر رہے تھے۔ احتجاجی مظاہرہ جامع مسجد سے شروع ہو کر شہر والے پل سے کامرس کالج چوک شہداءِ ختم نبوت اور مین بازار سے ہوتا ہوا چیچہ وطنی پریس کلب بلڈنگ کے سامنے پہنچا تو بہت بڑے جلسہء عام کی شکل اختیار کر گیا۔ سید میر رمیز الدین احمد، ملک محمد آصف مجید، محمد عمیر چیمہ، اظہر



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



سلطان، محمد قاسم چیمہ، اور رانا محمد عمیر قمر نے احتجاجی اجتماع کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ عرب کی مقدس سرزمین پر سراسر ناجائز قبضہ کرنے والا اسرائیل غاصب اور ظالم ہے جو آج نہتے فلسطینیوں کا خون بہا رہا ہے۔ مقررین نے الزام عائد کیا کہ پاکستان کے موجودہ حکمران ملکی سلامتی اور قومی وقار کے برعکس فیصلے کر کے نظریۂ اسلام اور نظریۂ پاکستان کی نفی کر رہے ہیں۔ مقررین نے کہا کہ قادیانی اسرائیل کا ایجنٹ ہے اور پاکستان میں یہودی ایجنڈے پر کام کر رہا ہے۔ قادیانی گروہ عقیدۂ ختم نبوت اور جہاد کا منکر ہے اس گروہ کو پرموٹ کرنے والے ملک و ملت کے غدار ہیں۔ مقررین نے کہا کہ UNO جیسا ادارہ یہودیوں امریکہ اور مغرب کا غلام ادارہ بن کر رہ گیا ہے اور اپنی افادیت کھو چکا ہے۔ مقررین نے کہا کہ پاکستانی حکومت امریکہ کی مکمل غلامی کر رہی ہے اور اپنے عوام کو بھی غلام ہی بنانا چاہتی ہے۔ مقررین نے کہا کہ پاکستانی حکومت کو چاہیے کہ تمام اسلامی قوتوں کو ساتھ ملا کر اسرائیلی حملے بند کرانے میں اپنا مؤثر کردار ادا کرے۔ تحریکِ انصاف سٹوڈنٹس فیڈریشن کے صدر سید میر رمیز احمد نے مطالبہ کیا کہ برطانیہ میں پاکستان کے ہائی کمشنر کو فوری طور پر سبکدوش کیا جائے کیونکہ وہ لندن میں بیٹھ کر پاکستان کی بجائے اسرائیل کے مفادات کا تحفظ کر رہے ہیں۔ اسلامی جمعیت طلباء چیچہ وطنی کے صدر اظہر سلطان نے کہا کہ امریکہ امن اور انسانیت کا دشمن ہے۔ تحریک طلباء اسلام چیچہ وطنی کے صدر ملک محمد آصف نے کہا کہ امریکہ۔ اسرائیل اور انڈیا مل کر دنیا کے امن کو تباہ کر رہے ہیں۔ محمد عمیر چیمہ اور محمد قاسم چیمہ نے کہا کہ چھ سو سے زائد قادیانی اسرائیلی فوج میں ''خدمات'' انجام دے رہے ہیں۔ تل ابیب میں قادیانی مرکز بھی کام کر رہا ہے۔ مقررین نے کہا کہ یہودیت۔ نصرانیت۔ مجوسیت اور قادیانیت اسلام اور مسلمانوں کے لیے شدید خطرات پیدا کر رہے ہیں جلوس مکمل طور پر پرامن رہا شرکاءِ جلوس نے بڑے بڑے بینرز اور پلے کارڈز اٹھا رکھے تھے جن پر یہ نعرے درج تھے☆ محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) ہمارے۔ بڑی شان والے☆ امریکہ کا جو یار ہے --- غدار ہے غدار ہے☆ اسرائیل کا ایک علاج --- الجہاد الجہاد☆ فلسطینیوں سے رشتہ کیا --- لا اللہ الا اللہ☆ اسرائیل قادیانی گٹھ جوڑ --- مردہ باد۔ جلوس دارالعلوم ختمِ نبوت کے استاد قاری محمد سدید کی دعا پر پُرامن طور پر اختتام پذیر ہو گیا۔

☆☆☆

چیچہ وطنی (۱۸ر جنوری) عالمی مجلس تحفظِ ختم نبوت کے امیر مرکزیہ مولانا خواجہ خان محمد کے فرزند اور مرکز سراجیہ لاہور کے مدیر صاحبزادہ رشید احمد نے کہا ہے کہ خانقاہوں کے متوسلین نے ہمیشہ اہلِ حق اور دینی تحریکوں کے لیے رجالِ کار مہیا کئے ہیں اور تحفظِ ختم نبوت کے محاذ پر ہراول دستے کا کردار ادا کیا ہے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ قادیانی فتنے کے دجل وفریب کے توڑ کے لیے ہم میڈیا اور تعلیم و تربیت جیسے محاذوں کو مستحکم کریں اور منکرینِ ختم نبوت سمیت تمام قدیم و جدید فتنوں کی سرکوبی کے لیے منظّم بنیادوں پر کام کریں۔ وہ دورۂ چیچہ وطنی کے موقع پر مجلس احرارِ اسلام کے مرکزی سیکرٹری جنرل عبداللطیف خالد چیمہ سے ملاقات کے دوران اظہارِ خیال کر رہے تھے۔ قبل ازیں انھوں نے خانقاہ حافظ عبدالرشید بستی سراجیہ میں اکابر نقشبندیہ کے سلسلہ میں ایک فکری نشست سے بھی خطاب کیا۔ جبکہ صاحبزادہ رشید احمد نے خانقاہ حافظ احمد



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



دین دادڑہ بالا اور خانقاہ بستی حافظ حبیب اللہ (ہڑپہ) میں بھی مختلف روحانی پروگراموں میں شرکت کی۔

## علماء کراچی کے وفد کی دارِ بنی ہاشم میں آمد

ملتان (۱۸؍جنوری) مجلس احرار اسلام کراچی کے ناظم مولانا احتشام الحق احرار کی معیت میں علماء کراچی کے ایک وفد کی دارِ بنی ہاشم میں تشریف آوری ہوئی۔ وفد میں مفتی عطاء الرحمٰن محمود قریشی، حافظ محمد نعمان اور حافظ محمد اسامہ شامل تھے۔ مفتی عطاء الرحمٰن قریشی صاحب، حضرت مولانا محمد عمر قریشی رحمتہ اللہ علیہ کے خلف الرشید ہیں اور اپنے والد ماجد رحمہ اللہ کے جلائے ہوئے چراغ کو روشن رکھے ہوئے ہیں۔ مولانا محمد عمر قریشیؒ حضرت امیر شریعت سید عطاء اللہ شاہ بخاری رحمتہ اللہ علیہ کے عقیدت مندوں میں سے تھے۔ اُن کا سینہ حضرت امیر شریعت سے متعلق خوبصورت یادوں سے معمور تھا۔ وہ اپنی مجالس میں اکثر حضرت امیر شریعتؒ کے واقعات سنایا کرتے تھے۔ سید ذوالکفل بخاری نے معزز ارکانِ وفد کا استقبال کیا اور باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلۂ خیال کیا۔

## حکمرانوں نے اقتدار کے لیے ملکی سلامتی داؤ پر لگا دی: عبداللطیف خالد چیمہ

بورے والا (۱۹؍جنوری) متحدہ تحریک ختم نبوت رابطہ کمیٹی کے مرکزی کنوینیر اور مجلس احرار اسلام پاکستان کے مرکزی سیکرٹری جنرل عبداللطیف خالد چیمہ نے کہا ہے کہ حکمرانوں کو اقتدار زیادہ عزیز ہے، اسی لیے وہ اپنے اقتدار کو بچانے کے لیے ملکی سلامتی کو داؤ پر لگائے ہوئے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انھوں نے مجلس احرار بورے والا کے سیکرٹری اطلاعات محمد نوید طاہر کی دعوتِ ولیمہ میں شرکت کے بعد مقامی اخبار نویسوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انھوں نے کہا کہ قادیانی جماعت نے اسرائیل سے رابطے اب کوئی پوشیدہ بات نہیں رہی۔ تل ابیب میں قادیانی مرکز قائم کیا جا رہا ہے جبکہ چھ سو سے زائد قادیانی اسرائیلی فوج میں خدمات انجام دے رہے ہیں۔ موجودہ حکومت قادیانیت اور فتنہ ارتداد کو تقویت پہنچا رہی ہے۔ حکومت کی قادیانیت نوازی اور عالمی سطح پر قادیانیت کے سدباب کے لیے متحدہ ختم نبوت کے زیر اہتمام ملک کے مختلف شہروں میں کنونشن منعقد کروائے جائیں گے۔

## قادیانی، امتناعِ قادیانیت آرڈیننس کی خلاف ورزی کر رہے ہیں

چناب نگر (نامہ نگار) چناب نگر میں قادیانی مذہب کی تبلیغ پر عدالت میں استغاثہ دائر کر دیا گیا۔ قادیانی مذہب کی تبلیغ کرنے پر جوڈیشنل مجسٹریٹ کی عدالت میں استغاثہ دائر کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق مولوی عبدالحق ولد سلطان محمود نے وحید احمد ملک ولد نعیم احمد طاہر ساکن چناب نگر کے خلاف الزام لگایا کہ ہم اکٹھے دودھ کا کاروبار کرتے تھے۔ اس نے مجھے گھر بلا کر قادیانی مذہب کی تبلیغ کی، اپنے مذہب کی ''برکات'' بیان کیں اور کہا کہ تم بھی قادیانی ہو جاؤ اور اپنے مذہب کی کتابیں دیں۔ اس نے قانون کی خلاف ورزی کی ہے اس کو سخت سزا دی جائے۔ [روزنامہ ''دن'' لاہور، ۲۱؍جنوری ۲۰۰۹ء]

## قادیانی سربراہ مرزا مسرور نے اسرائیلی وزیراعظم کو استقبالیہ دیا۔ (سید محمد کفیل بخاری)

چنیوٹ (۲۲؍جنوری) مجلس احرار اسلام پاکستان کے مرکزی نائب امیر پروفیسر خالد شبیر احمد اور ڈپٹی سیکرٹری



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



جنرل سید محمد کفیل بخاری نے مشترکہ پریس کانفرنس میں خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اسرائیل دنیا کا دہشت گرد ملک ہے اور امریکہ اُس کا سرپرست ہے۔ غزہ سے صہیونی فوجوں کی واپسی کے ساتھ اسرائیل تاوانِ جنگ ادا کرے۔ انھوں نے کہا کہ امریکہ اسرائیل کی سرپرستی اور پشت پناہی بند کرے۔ اقوامِ متحدہ کی قراردادوں کا احترام کرے اور مظلوم فلسطینیوں کو آزادی اور تحفظ فراہم کرے۔ انھوں نے کہا کہ چند ماہ قبل قادیانی سربراہ مرزا مسرور نے اسرائیلی وزیر اعظم کو استقبالیہ دیا اور امت مسلمہ کے خلاف یہودی سازشوں کی تکمیل کے لیے اپنا تعاون پیش کیا۔ قادیانی جماعت کا دفتر حیفا اور تل ابیب میں قائم ہے۔ چھے سو پاکستانی قادیانی جاسوس برابر کے مجرم ہیں۔ انھوں نے کہا کہ قادیانیوں نے آج تک اسرائیلی مظالم کے خلاف احتجاج نہیں کیا۔ سید محمد کفیل بخاری نے کہا کہ پاکستان خطرات میں گھرا ہوا ہے اور سول و فوجی اداروں میں اہم عہدوں پر فائز قادیانی ملک کی سلامتی کے خلاف گھناؤنا کردار ادا کر رہے ہیں۔ قادیانی، دنیا بھر میں مسلمانوں کے خلاف یہودیوں کے ایجنٹ ہیں اور اسرائیلی مفادات کے محافظ ہیں۔ حکومتِ پاکستان، قادیانی جماعت کو خلافِ قانون قرار دے۔ انھوں نے کہا کہ حیرت کی بات یہ ہے کہ پاکستان میں جماعت الدعوۃ اور دیگر محبِّ وطن فلاحی و دینی جماعتوں پر تو پابندی ہے لیکن یہود و نصاریٰ کے کھلے ایجنٹ قادیانیوں پر کوئی پابندی نہیں۔ انھوں نے کہا کہ مجلس احرار اسلام، قادیانیوں کی ملک دشمن سرگرمیوں پر کڑی نظر رکھے ہوئے ہے۔ اس سلسلہ میں تمام دینی جماعتوں پر مشتمل ''متحدہ تحریک ختم نبوت رابطہ کمیٹی'' قائم ہو چکی ہے۔ مارچ میں ملک بھر میں ختم نبوت کانفرنسوں کا آغاز کیا جا رہا ہے۔ یکم مارچ کو لاہور، ۲۶/مارچ کو ملتان، ۲/اپریل کو چیچہ وطنی اور ۱۱، ۱۲/ربیع الاوّل کو چناب نگر میں ختم نبوت کانفرنس منعقد ہوگی۔

## قادیانی، اسرائیل اور بھارت کے ایجنٹ ہیں (سید محمد کفیل بخاری)

چنیوٹ (۲۲/جنوری) مجلس احرار اسلام کے ڈپٹی سیکرٹری جنرل سید محمد کفیل بخاری نے کہا ہے کہ قادیانی یہود کے ایجنٹ ہیں۔ وہ پاکستان کی سلامتی اور دفاع کو نقصان پہنچانے کی سازش کر رہے ہیں۔ حکومتِ پاکستان قادیانی جماعت کو خلافِ قانون قرار دے کر اس پر پابندی عائد کرے۔ سید محمد کفیل بخاری مرکز احرار چنیوٹ میں علماء کے اعزاز میں دیئے گئے استقبالیہ سے خطاب کر رہے تھے۔ انھوں نے کہا کہ بھارت جھوٹے الزامات لگا کر پاکستان کے خلاف عالمی رائے عامہ کو گمراہ کر رہا ہے۔ بھارت جنگ کی دھمکیاں دے کر پاکستانی قوم کو خوفزدہ نہیں کر سکتا۔ بھارت نے جنگ مسلط کی تو پوری قوم متحد ہو کر بھارتی بزدلوں کو منہ توڑ جواب دے گی۔ انھوں نے کہا کہ نئے امریکی صدر، عراق کی طرح افغانستان سے بھی امریکی فوجیں واپس بلائیں۔ قبائلی علاقوں میں بمباری بند کریں اور پاکستان کی خودمختاری کا احترام کریں۔ انھوں نے کہا کہ اوباما، بش کے انجام سے سبق سیکھیں۔ بش کی ظالمانہ اقدامات سے پوری دنیا میں امریکہ کے بارے میں نفرت کے جذبات پروان چڑھے اور بش پر جوتوں کی بارش ہوئی۔ اوباما کی صدارتی حلف کی تقریب کے موقع پر بھی امریکی عوام نے وائٹ ہاؤس کے گیٹ پر جوتے برسا کر بش کی پالیسیوں پر نظر ثانی کریں اور پاکستان حکمران بھی امریکی غلامی کے خول سے باہر نکلیں۔ سید کفیل بخاری نے مدنی مسجد میں اجتماع عام سے بھی خطاب کیا اور مقام و منصبِ صحابہؓ بیان کرتے ہوئے کہا کہ



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



صحابہ کرام ختم نبوت کے گواہ ہیں۔ان سب کا احترام امت مسلمہ کے ایمان کا حصہ ہے۔صحابہ ساری امت کے محسن ہیں۔ انھوں ں نے بتایا کہ مجلس احرار اسلام کے زیر اہتمام مارچ اور اپریل میں ملک بھر میں ختم نبوت کانفرنس منعقد ہوں گی۔ استقبالیہ تقریب میں مختلف دینی جماعتوں کے رہنماؤں اور علماء نے شرکت کی۔ پروفیسر خالد شبیر احمد، مولانا ملک خلیل احمد، مولانا ثناء اللہ چنیوٹی، قاری شبیر احمد عثمانی، مولانا مشتاق احمد، مولانا محمد طیب چنیوٹی، مولانا محمد اصغر عثمانی اور صوفی محمد علی نے دینی جماعتوں کے فورم ''متحدہ تحریک ختم نبوت رابطہ کمیٹی'' کے قیام کا خیر مقدم کیا ہے اور تحریک ختم نبوت کو از سر نو منظّم کرنے کی کوششوں کو سراہا ہے۔

## اسرائیل قادیانیوں کی امداد کر رہا ہے۔(پروفیسر خالد شبیر احمد)

## سیدنا حسین رضی اللہ عنہ کی شخصیت جرأت اور غیرت کی علامت ہے (سید محمد کفیل بخاری

چناب نگر(۲۳رجنوری) مجلس احرار اسلام کے نائب امیر پروفیسر خالد شبیر احمد نے کہا ہے کہ اس وقت پورا عالم اسلام دشمنانِ اسلام کے ظلم وستم کا نشانہ بنا ہوا ہے جس کے لیے یہودیوں کی اسرائیلی ریاست ذمہ دار ہے۔جس کے دست و بازو قادیانی بنے ہوئے ہیں اور جنھیں یہودیوں کی طرف سے مالی امداد فراہم کی جاتی ہے اور ملت اسلامیہ کے خلاف دن رات قادیانی سازشیں ہو رہی ہیں۔حکومتِ پاکستان سے مطالبہ کیا جاتا ہے کہ وہ ان سازشوں پر گہری نگاہ رکھیں۔اگر اس بات سے غفلت کی گئی تو اس کا ردّعمل انتہائی شدید ہوگا۔جس کی ذمہ داری حکومت پر ہوگی۔وہ مجلس احرار اسلام کے زیر اہتمام جامع مسجد احرار چناب نگر میں سالانہ ''مجلس ذکر حسین'' سے خطاب کر رہے تھے۔

مجلس احرار اسلام کے ڈپٹی سیکرٹری جنرل سید محمد کفیل بخاری نے خطاب کرتے ہوئے کہ سیدنا حسین رضی اللہ عنہ کی شخصیت، جرأت وشجاعت اور غیرت وحمیت کی عظیم علامت ہے۔سیدنا حسین رضی اللہ عنہ نے امت کو اتحاد و اتفاق، قیامِ امن اور استحکامِ اسلام کا عظیم درس دیا۔امت مسلمہ کو آج جن چیلنجز کا سامنا ہے، ان کا مقابلہ کرنے کے لیے سیدنا حسین رضی اللہ عنہ کا اسوہ بہترین نمونہ ہے۔انھوں نے کہا کہ جس طرح یہود و نصاریٰ نے سازش کر کے سیدنا حسین رضی اللہ عنہ اور ان کے خاندان کو قتل کیا، آج بھی عالمی استعمار مسلمانوں پر ظلم ڈھا رہا ہے۔انھوں نے کہا کہ سیدنا حسین رضی اللہ عنہ کا صبر، عزیمت واستقامت اور جرأت وشجاعت، یہود و نصاریٰ کے ظلم کا مقابلہ کرنے کے لیے بہترین ہتھیار ہیں۔

## مجلس احرارِ اسلام ملتان کا اسرائیلی مظالم کے خلاف احتجاجی مظاہرہ

ملتان(۲۳رجنوری) مجلس احرار اسلام اور تحریک طلباء اسلام ملتان کے زیر اہتمام فلسطینی مسلمانوں پر اسرائیلی مظالم کے خلاف احتجاجی مظاہرہ کیا گیا۔جس کی قیادت قائد احرار سید عطاء المہیمن بخاری، سردار عزیز الرحمٰن سنجرانی اور تحریک طلباء اسلام کے مرکزی رہنما سید عطاء المنان بخاری نے کی۔مظاہرے سے خطاب کرتے ہوئے مقررین نے کہا کہ فلسطین میں اسرائیل کی دہشت گردی امت مسلمہ کے لیے لمحہ فکریہ ہے۔ایک سوچے سمجھے منصوبے کے تحت مسلمانوں کی نسل کشی کی جارہی ہے۔اسرائیلی افواج ہزاروں معصوم بچوں، بزرگ شہریوں اور عورتوں کی قاتل ہیں۔دہشت گردی کا راگ الاپنے والی



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



اقوام متحدہ کو چاہیے کہ اسرائیل پر جنگی جرائم کا مقدمہ درج کرے اور اسرائیل فلسطینیوں کو تاوانِ جنگ ادا کرے۔ انھوں نے کہا کہ قادیانی، یہودیوں سے مل کر قبلہ اوّل میں مظلوم مسلمانوں کے قتل عام میں برابر کے شریک ہیں اور تل ابیب میں اپنے ہیڈ کوارٹر کو مسلمانوں کے خلاف سازشوں کے لیے استعمال کر رہے ہیں۔ انھوں نے کہا کہ عیسائی پادریوں نے مسلمانوں کا قتل عام کا فتویٰ جاری کر کے اپنے آپ کو دہشت گرد ثابت کر دیا ہے۔

سردار عزیز الرحمٰن سنجرانی نے کہا کہ امریکہ کی پشت پناہی کی بدولت اسرائیل فلسطین کو خاک وخون میں نہلا رہا ہے۔ نومنتخب امریکی صدر باراک اوبامہ کو چاہیے کہ وہ سابق امریکی صدر بش مسلم کش کی پالیسیوں کو تبدیل کرے اور دنیا میں امریکہ کے خلاف بڑھتی ہوئی نفرت کو کم کرنے کے لیے اسرائیل کی سرپرستی ختم کرے۔ انھوں نے کہا کہ حکومتی سطح پر اسرائیلی مظالم کے خلاف سخت احتجاج کیا جائے۔ سید عطاء المنان بخاری نے کہا کہ سرزمین مقدس پر اسرائیل کا غاصبانہ اور ظالمانہ قبضہ کھلی دہشت گردی ہے۔ عرب ممالک کی معنی خیز خاموشی مجرمانہ فعل کے مترادف ہے۔ عرب لیگ اور او آئی سی اقوام متحدہ کو اسرائیل کے خلاف پابندیاں عائد کرنے کے لیے عملی قدم اٹھانے پر مجبور کریں۔

مظاہرین نے مختلف بینرز، پرچم احرار اور پلے کارڈز اٹھا رکھے تھے۔ جن پر درج ذیل نعرے درج تھے۔

☆اسرائیل فلطینیوں کو تاوانِ جنگ ادا کرے☆ایک سے بڑھ کر ایک ذلیل/ امریکہ بھارت اسرائیل☆فلسطینیوں کے قتل عام میں قادیانی بھی ملوث ہیں☆فلسطین کے شہداء کو سلام☆اسرائیل دنیا کا سب سے بڑا دہشت گرد ہے☆

☆Down with Amrica, Down with Israel, Down with India

☆Amrica is the super sole terrorist

☆امریکہ، اسرائیل کی سرپرستی ختم کرے☆امریکہ، بھارت، اسرائیل گٹھ جوڑ مردہ باد☆اسرائیل فلسطینیوں کا قتل عام بند کرے☆یہودی مصنوعات کا بائیکاٹ کیا جائے☆اسرائیل فلسطین کا محاصرہ ختم کرے۔

## اسرائیلی حکومت نے قادیانی جماعت کی پشت پناہی شروع کردی

لندن (نمائندہ خصوصی) اسرائیلی حکومت نے اسلام دشمنی میں قادیانی جماعت کی پشت پناہی شروع کر دی ہے۔ اسرائیلی صدر شمعون پیریز نے جماعت احمدیہ کو اسرائیل میں مکمل تحفظ وتعاون فراہم کرنے کی یقین دہانی کرا دی ہے۔ قادیانی جماعت احمدیہ کے سربراہ مرزا مسرور احمد اور اسرائیلی صدر کے درمیان براہِ راست بات چیت وتعلقات کے بعد اسرائیل نے قادیانیوں و دنیا بھر میں مالی تعاون فراہم کرنے کا بھی فیصلہ کیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق اسرائیل کے شہر حیفہ میں بطور مسلمان جماعت سرگرمیاں شروع کر چکی ہے اور اپنی عبادت گاہیں بھی تعمیر کر رہی ہے۔ ذرائع کے مطابق شمعون پیریز اور قادیانی جماعت کے اسرائیل میں موجود نمائندوں کے درمیان دو ماہ قبل بھی تفصیلی مذاکرات ہوئے تھے۔ یہ مذاکرات مرزا مسرور احمد کے شمعون پیریز سے رابطے کے بعد ہوئے۔

ذرائع کے مطابق مرزا مسرور احمد نے اسرائیل کی اسلام دشمن سرگرمیوں کی حمایت کی ہے اور دنیا بھر میں موجود



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



قادیانیوں کی طرف سے اسرائیل کو حمایت کا یقین دلایا ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ شمعون پیریز چند ہفتے قبل باقاعدہ جماعت احمدیہ کی تقریب میں شریک ہوئے۔ اس تقریب کی ویڈیو کلپس قادیانیوں کو خصوصی طور پر فراہم کی گئی ہیں۔ ذرائع نے انکشاف کیا ہے کہ اسرائیل اور قادیانی قیادت کے درمیان ہونے والے رابطے کے بعد مرزا مسرور کی ہدایت پر حیفہ شہر میں باقاعدہ قادیانی مرکز قائم کر دیا گیا ہے جبکہ دنیا بھر میں قادیانیوں اور اسرائیل کے حامیوں کے درمیان رابطے کے لیے خصوصی نمائندے بھی مقرر کیے جا رہے ہیں۔ ذرائع کا دعویٰ ہے کہ ٦ ماہ قبل مرزا مسرور احمد اور شمعون پیریز کا بعض مغربی سفارت کاروں کے توسط سے رابطہ ہوا تھا۔ اس رابطے کو قادیانی قیادت نے کئی ماہ خفیہ رکھا تاہم گزشتہ دنوں شمعون پیریز کی خواہش پر رابطوں کی تفصیلات اور تعلقات سے متعلق معلومات دنیا بھر کے خاص خاص قادیانیوں کو فراہم کی گئیں۔ قادیانی ذرائع کا کہنا ہے کہ اسرائیل قادیانی قیادت کی سرپرستی کر کے اور انھیں مسلمانوں کی جماعت قرار دلوا کر دنیا کو یہ تاثر دینا چاہتا ہے کہ مسلمانوں کی ایک بڑی تعداد اس کی حامی ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ غزہ پر اسرائیلی جارحیت کے دوران قادیانی قیادت نے اس حوالہ سے مکمل خاموشی اختیار کی جو شمعون پیریز اور مرزا مسرور کے درمیان طے پانے والے خفیہ معاہدے کے سبب ہے۔ ذرائع کا دعویٰ ہے کہ مرزا مسرور نے بیت المقدس پر اسرائیل کے ناجائز قبضے کو بھی درست تسلیم کر لیا ہے۔ تاہم جب تک قادیانیوں کو اسرائیل میں مکمل تحفظ و سرکاری طور پر مسلمان جماعت کا علانیہ درجہ نہیں ملتا- اس وقت تک مرزا مسرور بیت المقدس پر اسرائیلی قبضے کو جائز قرار دینے کے حوالے سے کوئی بیان دینے کو تیار نہیں ہیں۔

دریں اثناء ختم نبوت اکیڈمی لندن کے سربراہ مولانا عبدالرحمٰن باوا اور عالمی مبلغ مولانا سہیل باوا نے ''امت'' سے خصوصی بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ قادیانیوں اور اسرائیل کے یہودیوں کے درمیان خفیہ رابطے کی اطلاعات کئی ماہ پہلے ملی تھیں مگر تصدیق نہیں ہو سکی تھی۔ اب اس کی تصدیق ہو گئی ہے۔ یہ عالم اسلام کے خلاف ایک گہری سازش ہے۔ یہودی سرمائے اور سرپرستی میں قادیانی اسلام کے خلاف اب دنیا بھر میں منظّم سازشیں کر رہے ہیں۔ پوری امت مسلمہ بیدار رہے مگر بد قسمتی سے مسلمان حکمران سو رہے ہیں۔ [روزنامہ ''امت'' کراچی، ٢٢ر جنوری ٢٠٠٩ء]






© rasailojaraid.com